Flow Chart *Macro Structure*

42: سورۃالشوریٰ؛ آیات:53؛ پیراگراف: 7



زمانہ نزول اور پس منظر

سورۃ الشوری یہ حامیم کے سلسلے کی تیسری سورت ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے قیام مکہ آخری دور میں، یعنی غالبا 13 نبوی میں نازل ہوئی، یہ وہی زمانہ ہے، جب سورۃ الزخروف، سورۃ الانعام اور سورۃ الاعراف بھی نازل ہوئیں، جس میں رسول اللہ ﷺ کے قتل کے اجتماعی فیصلے اور سازش کا زمانہ ہے۔ جب د قریش مکہ رسول اللہ کی دعوت کے بارے میں بدستور شک میں مبتلا تھے۔ مولانا اصلاحی نے لکھا ہے کہ یہ داعی خطاب کی سی حیثیت

رکھتی ہے۔ دراصل یہ سورت مدینہ منورہ میں اسلامی حکومت کے قیام کی تمہید ہے۔ جس میں اللہ کے قانون یعنی اللہ کی شریعت کو نافذ کرنے کے لیے اور اقامت دین کے لیے شورائیت پر مشتمل عادلانہ اجتماعی نظم (اسلامی ریاست) قائم کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اس سورت میں شریعت خداوندی اور خودساختہ شریعت انسانی کا فرق بتا کر (توحید حاکمیت) کی وضاحت کی گئی ہے۔